1989ء سے مسلسل اشاعت | 20 نومبر تا 26 نومبر 2020 | شمارہ نمبر 49 | جلد نمبر 32

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 70/-



ANM AN M TRADING CO

Importer : Paper & Paper Board

Deals in:

OFFSET PRINTING PAPER I.P.M BRAND

Folio Sheets, Rolls & A-4,( U.A.E Origin)

COATED ART PAPER & ART CARD

1st Floor Bikiya Manzil Faiz Muhammad Fateh Ali Road Karachi-Pakistan

Phone: 021-32628604-32628495 / 0300-2127195 Email: sameed01@hotmail.com



IBM™

ISO 9001:2015

International Business Management

CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TJIWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD Little Star Bleach Board

pindo deli paper products

Indah Kiat Pulp and Paper Product

SINAR

VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010

Brands of the year Award 2010

Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK

Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital, Karachi. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-21-32627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725

Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com



bmp

بزنس مین پینل

محمد سلیم بیکیا

چیئرمین





BMG

بزنس مین گروپ

خامس سعید بٹ

گروپ لیڈر

کی کراچی و لاہور میں خدمت کے 12 سال

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

APP

中華紙業

ZHONGHUA-PAPER

IBM™

ISO 9001:2008 CERTIFIED

# NINGBO GOLD

ISO 14064 SGS | PEFC | China Environment Friendly Enterprise | ISO9001 | ISO14001

## Coated Packaging Board

## ANNOUNCEMENT

**We are going to Lounge the new brand Ningbo Gold very soon**

**Ningbo Gold is a premium coated packaging board with a triple coating on the top side, giving it an excellent smoothness and good printability.**

**Ningbo gold has high ink absorbency and super surface characteristics, which makes it ideal for all premium quality book covers, cards, shopping bags and a wide range pakaging application.**

FIRST ISO 9001:2008 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road, Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS | Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

pindo deli
paper producs

IBM
PAKISTAN




**SELF ADHESIVE STICKER PAPER**
**INDONESIA**

**Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general end use.**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road, Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

indah kiat
pulp & paper Products

# WELCOME TO
## OUR WORLD OF COLOURS



IK GOLD, X-BRITE
IK COPY PAPER



SINAR SPECTRA
premium colour paper



spectra color
premium color paper

### PHOTOCOPIER PAPER

SPECTRA COLOR, SINAR SPECTRA, PAPERLINE, BLC, PPC BROWN, PPC BLUE, PPC ORANGE, PAPERLINE 2000

### CAST COATED BOARDS

| | |
|---|---|
| SINAR ROYAL | C2S GRAPHIC BOARD |
| SINAR VANDA | C1S WHITE BACk HIGH-BLUK |
| SINAR PLEX | C1S DUPLEX BOARD GREY BLACK / E-PLEX BOARD |
| SINAR FOLD | C1S WHITE BACK |
| SINAR CARD | C1S DUPLEX BOARD WHITE BACK |



### QURAN PAPER

PREMIUM QUALITY HIGH SMOOTHNESS COLOR PAPER
Sinar Tech



SINAR SPECTRA
### COLOR CUBE



### FOR BOOKING CONTACT

IBM™
ISO 9001:2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
# پیپر بزنس کراچی

اشاعت: بروز جمعہ

**پبلشر حرا رؤف**

نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا

یہ شمارہ 22 رنگین اور 18 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

**رابطہ افس**

A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سنی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

**بانی: محمد رؤف**

**ایڈیٹوریل بورڈ**

پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

**چارجز**

قیمت: 70 روپے
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 010256027140112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

# ایف بی آر کی 10 ہزار روپے سے زائد کے لین دین کا ریکارڈ رکھنے کی ہدایت

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے کہا ہے کہ ہول سیلرز، ڈسٹری بیوٹرز یا کمیشن ایجنٹوں کو 10،000 سے زائد ہر لین دین کا ریکارڈ برقرار رکھنے کی ضرورت ہے۔ ایف بی آر نے کہا کہ ٹیکس دہندگان کے ذریعہ درج ذیل ریکارڈ کی دیکھ بھال لازمی ہے جس میں کاروباری آمدنی پانچ لاکھ روپے سے زیادہ ہے۔

(الف) فروخت یا رسید کے ہر لین دین کے لئے درج ذیل نقدی میمو/ انوائس/ رسید کو سنجیدگی سے درج کیا گیا ہو اور:

(i) ٹیکس دہندہ کا نام یا اس کے کاروبار کا نام، پتہ، قومی ٹیکس نمبر یا CNIC اور سیلز ٹیکس رجسٹریشن نمبر، اگر کوئی ہے تو؛

(ii) فروخت کردہ سامان یا خدمات کی وضاحت، مقدار اور قیمت۔ اور

(iii) تھوک فروش، ڈسٹری بیوٹر، ڈیلر اور کمیشن ایجنٹ کی صورت میں، جہاں ایک ہی ٹرانزیکشن 10،000 روپے سے زیادہ ہو، گاہک کا نام اور پتہ۔

بشرطیکہ جب ہر ٹرانزیکشن 10000 روپے سے تجاوز نہیں کرتا ہے تو، اس طرح کے سارے لین دین کے لئے روزانہ کی بنیاد پر ایک یا ایک سے زیادہ نقد یادداشت برقرار رکھی جاسکتی ہے۔

(b) کیش بک اور/ یا بینک بک یا رسیدوں، فروخت، ادائیگیوں، خریداریوں اور اخراجات کا روزانہ ریکارڈ؛ روزانہ کی رسیدوں، فروخت، خریداری اور مختلف اخراجات کے سلسلے میں ایک ہی اندراج کافی ہوگا؛

(c) عام لیجر یا مخصوص سر براہان کے تحت وصولیاں، فروخت، ادائیگی، خریداری اور اخراجات کا سالانہ خلاصہ۔

(د) خریداری اور اخراجات کے واؤچر اور جہاں ایک ہی ٹرانزیکشن 10،000 روپے سے زیادہ وصول کنندہ کے نام اور پتہ کے ساتھ ہوتا ہے۔ اور

() جہاں ٹیکس دہندہ سامان کی خرید و فروخت میں سودے بازی کرتا ہے، وہاں اسٹاک ان ٹریڈ کی سہ ماہی انوینٹری کی وضاحت، مقدار اور قیمت دکھاتی ہے۔

# اسٹیکر کی رولنگ اب تک جاری نہیں کی گئی

کراچی (پیپر بزنس) اسٹیکر پیپر کی جاری ہونے والی ویلیوایشن رولنگ کے سلسلے میں ڈی جی ویلیوایشن کے دفتر میں ایک اجلاس جو 3 نومبر 2020 کو منعقد ہوا تھا اور ڈی جی ویلیوایشن نے اپنا فیصلہ محفوظ کر لیا تھا اس پر اب تک کوئی فیصلہ جاری نہیں ہوا ہے اور فیصلے کا انتظار ہے۔

# پیپر مرچنٹس کو کورونا ایس او پی پر سختی سے عمل کرنے کی ہدایت

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن نے تمام ممبران و دکانداران پیپر مارکیٹ کراچی کو مطلع کیا ہے کہ COVID-19 جس طرح دوبارہ پھیلنا شروع ہوگیا ہے اور جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ اس مرتبہ اس میں تیزی بھی بہت زیادہ ہے۔ لہٰذا بڑھتے ہوئے کیسز کو سامنے رکھتے ہوئے ایسوسی ایشن کی ایگزیکٹو کمیٹی اور جناب محمد سلیم بیکیا چیئر مین بزنس مین پینلنے تمام ممبران و دکانداران پیپر مارکیٹ سے اپیل کی ہے کہ COVID-19 کے سلسلے میں دی گئی حفاظتی تدابیر (ایس او پیز) پر سختی سے عمل کریں اور دوسروں کو بھی عمل کروائیں۔ کیونکہ کسی بھی قسم کی لاپرواہی ایک بڑے نقصان کا سبب بن سکتی ہے۔ اللہ پاک ہم سب کو اپنی حفظ و امان میں رکھے۔ (آمین)

**ہدایات:**

1۔ فیس ماسک کا استعمال لازم رکھیں اور فیس ماسک کو سامنے سانس لینے والے حصّے پر ہاتھ سے اٹھانے کا عمل ہرگز نہ کریں اس جگہ باہر سے آنے والا وائرس جمع ہوجاتا ہے جو کہ بار بار ہاتھ لگانے سے آپ محفوظ نہیں رہتے فیس ماسک کو ہمیشہ ڈوری سے پکڑ کر استعمال کریں جب اتار کر رکھنا ہو تو فیس ماسک کو بھی سینی ٹائزر سے اچھی طرح صاف کر کے رکھیں اور صاف جگہ رکھیں ایک ہی فیس ماسک کو زیادہ دن استعمال نہ کریں یہ حفاظت آپ کی اپنی صحت کے لئے ہوگی۔

2۔ جب جب کسی سے رقم لیں یا رقم دیں یا کوئی بھی چیز دوسروں کے ہاتھ سے لیں تو اپنے ہاتھوں کو فوراً سینی ٹائزر سے صاف کریں اور سینی ٹائزر کی چھوٹی بوتل اپنی جیب میں بھی رکھیں تاکہ دکان اور گھر سے باہر بھی اپنے ہاتھوں کی صفائی رکھیں۔

# نیویا آرٹ پیپر کی کلیئرنس بدستور معطل

کراچی (پیپر بزنس نیوز) چائنا سے درآمد ہونے والے نیویا آرٹ پیپر کے درآمد کنندگان بدستور مشکلات میں ہیں کیونکہ کسٹم نے اس کی کلیئرنس روک رکھی ہے۔ ٹریڈ انٹرنیشنل کی 16 اکتوبر کی شکایت کے نتیجے میں شروع ہونے والی کارروائی اب تک پایۂ تکمیل تک نہیں پہنچ سکی ہے اور نیویا کی کلیئرنس ابھی تک نہیں ہوسکی ہے۔ یہ کارروائی کسٹم انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن نے شروع کی تھی اور اسے مزید کارروائی کے لئے کسٹم اپریزمنٹ کو بھی بھیج رکھا ہے۔ اس سلسلے میں آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے ساتھ آئی بی ایم ٹیم بھی مسئلے کے حل کے لیے کوشاں ہیں اور اپنے اس موقف پر قائم ہیں کہ کوٹڈ رائٹنگ پیپر بالکل درست کلیئر ہو رہا ہے اور کسٹم ٹیرف کا ایچ ایس کوڈ بالکل درست ہے اس سلسلے میں متعدد سابقہ سالوں میں کلیئر ہونے والے کنسائنمنٹ کی تفصیلات بھی ثبوت کے ساتھ پیش کی گئی ہیں اس صورت حال میں مارکیٹ میں آرٹ پیپر نیویا کی قلت پیدا ہو رہا ہے اور صارفین کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# ٹیکسٹ بک پبلشرز ایسوسی ایشن کے ''یکساں نصاب تعلیم'' پر تحفظات

## یکساں نظام میں قوم کی بقا اور ایک کتاب قوم کی تباہی ہے، وفاقی وزیر تعلیم اور وزیر اعظم اور آرمی چیف سے ایک کتاب کے نفاذ کو روکنے کی اپیل

لاہور (پیپر بزنس نیوز) ٹیکسٹ بک پبلشرز ایسوسی ایشن لاہور کے کنوینر ابوذر غفاری، چیئرمین احمد عثمان شاہ اور صدر فیاض نیاز نے شفقت محمود وفاقی وزیر تعلیم پیشہ وارانہ تربیت، عمران خان وزیر اعظم پاکستان اور جنرل قمر جاوید باجوہ چیف آف آرمی اسٹاف کے نام ایک اپیل میں کہا ہے کہ ''یکساں نصاب تعلیم'' میں قوم کی بقا ہے، جبکہ ''ایک کتاب'' میں قوم کی تباہی ہے۔ کیونکہ ایک کتاب رٹا سسٹم کو فروغ دے گی، ہمارے بچوں کی تعلیمی صلاحیت کو چالیس سال پیچھے دھکیل دے گی، طلبہ کی تخلیقی صلاحیتوں کا خاتمہ کرے گی، مصنفین کے روزگار چھیننے کا سبب بنے گی، پبلشنگ انڈسٹری کے ساتھ منسلک بیس لاکھ افراد کو بے روزگار کرے گی، آنے والی نسلوں میں غلامانہ سوچ کو پروان چڑھائے گی۔ انہوں نے اپیل کی ہے کہ یکساں نصاب پہلے سے رائج ہے اور آج بھی ہم اس کی تائید کرتے ہیں۔ تاہم یکساں نصاب کے نام پر اب یک کتاب کا نفاذ ملک کے تعلیمی نظام کو تاریخی نقصان پہنچائے گا۔ ایک کتاب ترقی یافتہ دنیا میں کہیں بھی رائج نہیں اور اگر کہیں ہے تو وہاں یا تو ڈکٹیٹر شپ ہے یا بادشاہت۔ کیونکہ یہ ان کی سیاسی مجبوری ہے کہ ان کو غلامانہ ذہنیت کے حامل تعلیم یافتہ لوگ درکار ہوتے ہیں۔ ٹیکسٹ بک پبلشرز ایسوسی ایشن نے اپیل کی کہ یکسانیت کے نام پر ترقی کا پہیہ نہ روکا جائے۔ ایک سے زائد کتابیں تمام ترقی پذیر اور ترقی یافتہ ممالک میں رائج ہیں۔ ہمارے بچوں کو اس تعلیمی حق سے محروم نہ کیا جائے تا کہ وہ دنیا کے شانہ بشانہ چل سکیں۔ یکساں نصاب کے نام پر ایک کتاب کے نفاذ کو روکا جائے اور پبلشرز کو نئے نصاب کے مطابق کتابیں تیار کرنے کا مناسب وقت دیا جائے۔

# انجمن تاجران اردو بازار کا ''ایک کتاب'' پالیسی کے خلاف احتجاجی مظاہرہ

لاہور (پیپر بزنس نیوز) انجمن تاجران اردو بازار لاہور کا وفاقی وزارت تعلیم کے ظالمانہ اقدامات سے تمام پرنٹرز، پبلشرز، بائنڈرز، اسٹیشنرز و بک سیلرز کی تباہی کے خلاف 19 نومبر بروز جمعرات کو احتجاجی مظاہرہ کیا جا رہا ہے۔ جس میں تمام پرنٹرز، پبلشرز، بائنڈرز، و بک سیلرز کی توجہ وفاقی وزات تعلیم کے ظالمانہ اقدامات کی جانب مبذول کرائی ہے جن کے سبب پرنٹنگ، پبلشنگ، بائنڈنگ کے شعبے سے وابستہ تمام اسٹیک ہولڈرز کا معاشی قتل عام یقینی ہے۔ انجمن تاجران نے کہا ہے کہ وفاقی وزارت تعلیم و پیشہ وارانہ تربیت نے ''ایک قوم، ایک نصاب، ایک کتاب'' کے نام پر نصاب تعلیم تبدیل کر دیا ہے۔ نئے سال سے موجودہ تمام ٹیکسٹ بکس منسوخ ہو جائیں گی اور ان کی جگہ تمام سرکاری و نجی اسکولوں میں صرف سرکاری کتابیں پڑھائی جائیں گی۔ اس سے نہ صرف پبلشرز کا کروڑوں کا اسٹاک ردی ہو جائے گا بلکہ مارکیٹ میں پھنسی وصولیاں بھی منجمد ہو جائیں گی۔ نتیجتاً تمام پرنٹرز، پبلشرز بائنڈرز اسٹیشنرز و بک سیلرز کا کاروبار تباہ ہو جائے گا۔ اور اس صنعت سے وابستہ بیس لاکھ افراد بے روزگار ہو جائیں گے نتیجتاً اس صنعت کے لیے کورونا معاشی بحران سے بھی بڑا معاشی بحران جنم لے گا۔ اس حکومتی ظلم و ناانصافی کی روک تھام کے لیے انجمن تاجران اردو بازار لاہور کی جانب سے 19 نومبر بروز جمعرات صبح 11 بجے بالمقابل خالد پلازہ، اردو بازار لاہور بھرپور احتجاج کیا جائے گا۔ انجمن نے اس احتجاج میں شرکت کی درخواست کی ہے اور کہا ہے کہ آپ کا احتجاج لاکھوں افراد کے معاشی قتل عام کو روک سکتا ہے۔ اور اپنے حق میں آواز بلند کیجیے، اس سے پہلے کہ بہت دیر ہو جائے۔

# یحییٰ باری ساتویں مرتبہ کراچی چیمبر کی وفاقی ٹیکسز سب کمیٹی کے وائس چیئرمین نامزد

کراچی (پیپر بزنس نیوز) صدر کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری شارق وہرہ نے 2020-21 کے لیے سابق وائس چیئرمین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن یحییٰ باری کو مسلسل ساتویں مرتبہ چیمبر کی ''وفاقی ٹیکسز سب کمیٹی'' کا وائس چیئرمین نامزد کیا ہے۔ یحییٰ باری نے اس نامزدگی پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا ہے اور چیئرمین بزنس مین گروپ کراچی چیمبر سراج قاسم تیلی، صدر کراچی چیمبر شارق وہرہ، سابق صدر کراچی چیمبر و سابق چیئرمین اپما اے کیو خلیل اور دیگر دوستوں و احباب کا شکریہ ادا کیا ہے۔



# چائنا کی برآمدات میں اضافہ، چالیس فٹ کنٹینرز کی قلت پیدا ہو گئی

## بروقت ترسیل نہ ہونے سے امپورٹرز پریشان، ملیں اور ان کے ایجنٹ بھی پریشان

کراچی (پیپر بزنس نیوز) معلوم ہوا ہے کہ جکارتہ، سنگاپور، چائنا اور ایشیائی دیگر ممالک میں مال کی ایکسپورٹ کے لیے کارگو جہاز 40 فٹ کنٹینرز کی قلت سے ایک بڑا مسئلہ پیدا ہو گیا ہے اور پیپر و پیپر بورڈ کے ان ممالک کے مینوفیکچررز حتمی شپنگ کی تاریخ دینے سے قاصر ہیں اور ادھر امپورٹرز کو مال کا بے چینی سے انتظار ہے جس کی وجہ سے وہ شدید پریشانی کا شکار ہیں۔ اس کی وجہ چائنا کی برآمدات میں اضافہ بتایا جا رہا ہے۔

## عمران قاضی کے والد انتقال کر گئے

کراچی (پیپر بزنس نیوز) ممبر فرم اپما میسرز قاضی پیپر مارٹ کے پروپرائٹر قاضی محمد عمران کے والد قاضی محمد شکیل کا 13 نومبر 2020 کو رضائے الٰہی سے انتقال ہو گیا۔ دریں اثناء چیئرمین بزنس مین پینل محمد سلیم بیکیا، سینئر وائس چیئرمین اپما محمد انیس، صدر سدرن زون سید شاہنواز علی اور دیگر عہدیداران و اراکین سینٹرل و سدرن زون ایگزیکٹو کمیٹی نے مرحوم کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

# مزید 61 ممالک کو پاکستان کا آن لائن ویزا دینے کا فیصلہ

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی حکومت نے ویزا رجیم کو وسعت دینے کا فیصلہ کیا ہے جس کے باعث 61 ممالک کو آن لائن ویزا حاصل کرنے کی سہولت دی جائے گی۔ وفاقی کابینہ کو ارسال سمری کے مطابق اس سہولت کا مقصد سیاحت اور کاروبار کے شعبے میں موجود صلاحیت کو دنیا کے سامنے اجاگر کرنا ہے۔ فیصلے کے بعد 191 ممالک آن لائن پاکستانی ویزا لے سکیں گے۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# عبدالمجید میمن کے لئے ''تم سے ہے پاکستان'' ایوارڈ کا اعزاز









بدھ 11 نومبر 2020 کو کراچی آرٹس کونسل میں سماجی تنظیم ''کلین اٹ ویلفیئر'' کے زیر اہتمام ایک تقریب میں کراچی کی ممتاز شخصیات کو ''تم سے ہے پاکستان'' ایوارڈ سے نوازا گیا، ان ممتاز شخصیات میں سابق چیئر مین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن، سابق سینئر نائب صدر کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور کراچی چیمبر اسمال ٹریڈرز سب کمیٹی کے چیئر مین عبدالمجید میمن بھی شامل تھے۔ انہیں یہ ایوارڈ ان کی چھوٹے تاجروں کے لئے شاندار اور نمایاں خدمات انجام دینے پر گیا گیا ہے۔ اس موقع پر لی گئی تصاویر میں صدر کلین اٹ ویلفیئر، ساجد حسین، جنرل سیکٹری ولید شیخ اور محمد اکبر جناب عبدالمجید میمن کو ایوارڈ دے رہے ہیں۔




Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

## جنوری۔مارچ 2020 میں آرٹ کارڈ کی قیمتوں میں تبدیلی کا تقابلی جائزہ

مرتب کنندہ: نعمان علی

### پنڈو گولڈن کوئنز میں 2 روپے کلو، ننگبو اسٹار چائنا میں 6 روپے کلو، بریف کارڈ میں 18 روپے اور ایووری کارڈ میں 5 روپے کلو تک اضافہ ہوا

**CHART: Showing Increase /Decrease in the Prices during Jan-Mar-2020**

**Selected Brands ART CARD, Pindo - Golden Coin** (Per Kg Rates)

| Size | Gram | JANUARY-2020 | | | | | | FEBRUARY-2020 | | | | MARCH-2020 | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | Dec.27 | 3 | 10 | 17 | 24 | 31 | 7 | 14 | 21 | 28 | 6 | 13 | 20 | |
| All Sizes | 190 | 204 | 205 | 205 | 206 | 206 | 205 | 206 | 205 | 206 | 202 | 203 | 206 | .... | (+ 2) |
| All Sizes | 200 | 204 | 205 | 205 | 206 | 206 | 205 | 206 | 205 | 206 | 202 | 203 | 206 | .... | (+ 2) |
| All Sizes | 210 | 204 | 205 | 205 | 206 | 206 | 205 | 206 | 205 | 206 | 202 | 203 | 206 | .... | (+ 2) |
| All Sizes | 250 | 204 | 205 | 205 | 206 | 206 | 205 | 206 | 205 | 206 | 202 | 203 | 206 | .... | (+ 2) |
| All Sizes | 260 | 204 | 205 | 205 | 206 | 206 | 205 | 206 | 205 | 206 | 202 | 203 | 206 | .... | (+ 2) |
| All Sizes | 300 | 204 | 205 | 205 | 206 | 206 | 205 | 206 | 205 | 206 | 202 | 203 | 206 | .... | (+ 2) |
| All Sizes | 310 | 204 | 205 | 205 | 206 | 206 | 205 | 206 | 205 | 206 | 202 | 203 | 206 | .... | (+ 2) |
| All Sizes | 350 | 204 | 205 | 205 | 206 | 206 | 205 | 206 | 205 | 206 | 202 | 203 | 206 | .... | (+ 2) |

### Ningbo Star China

| Size | Gram | JANUARY-2020 | | | | | | FEBRUARY-2020 | | | | MARCH-2020 | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | Dec.27 | 3 | 10 | 17 | 24 | 31 | 7 | 14 | 21 | 28 | 6 | 13 | 20 | |
| All Sizes | 250 | 198 | 202 | 202 | 202 | 204 | 204 | 204 | 204 | 204 | 204 | 204 | 204 | .... | (+ 6) |
| All Sizes | 270 | 198 | 202 | 202 | 202 | 204 | 204 | 204 | 204 | 204 | 204 | 204 | 204 | .... | (+ 6) |
| All Sizes | 300 | 198 | 202 | 202 | 202 | 204 | 204 | 204 | 204 | 204 | 204 | 204 | 204 | .... | (+ 6) |
| All Sizes | 350 | 198 | 202 | 202 | 202 | 204 | 204 | 204 | 204 | 204 | 204 | 204 | 204 | .... | (+ 6) |

### Brief Card Indonesia

| Size | Gram | JANUARY-2020 | | | | | | FEBRUARY-2020 | | | | MARCH-2020 | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | Dec.27 | 3 | 10 | 17 | 24 | 31 | 7 | 14 | 21 | 28 | 6 | 13 | 20 | |
| All Sizes | 120 | 212 | 212 | 212 | 212 | 212 | 230 | 225 | 224 | 222 | 224 | 224 | 224 | .... | (+ 18) |
| All Sizes | 150 | 212 | 212 | 212 | 212 | 212 | 230 | 225 | 224 | 222 | 224 | 224 | 224 | .... | (+ 18) |
| All Sizes | 180 | 212 | 212 | 212 | 212 | 212 | 230 | 225 | 224 | 222 | 224 | 224 | 224 | .... | (+ 18) |
| All Sizes | 210 | 212 | 212 | 212 | 212 | 212 | 230 | 225 | 224 | 222 | 224 | 224 | 224 | .... | (+ 18) |
| All Sizes | 230 | 212 | 212 | 212 | 212 | 212 | 230 | 225 | 224 | 222 | 224 | 224 | 224 | .... | (+ 18) |
| All Sizes | 235 | N.A | N.A | N.A | N.A | N.A | 230 | 225 | 224 | 222 | 224 | 224 | 224 | .... | (- 6) |
| All Sizes | 265 | 225 | 225 | 225 | 225 | 225 | 230 | 225 | 224 | 222 | 224 | 224 | 224 | .... | (+ 5) |

### Color Brief Card

| Size | Gram | JANUARY-2020 | | | | | | FEBRUARY-2020 | | | | MARCH-2020 | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | Dec.27 | 3 | 10 | 17 | 24 | 31 | 7 | 14 | 21 | 28 | 6 | 13 | 20 | |
| All Sizes | 120 | 1000 | 1000 | 1000 | 1000 | 1000 | 1000 | 1000 | 1000 | 1000 | 1000 | 980 | 980 | .... | (- 20) |
| All Sizes | 150 | 1320 | 1320 | 1320 | 1320 | 1320 | 1320 | 1320 | 1320 | 1320 | 1320 | 1340 | 1340 | .... | (+ 20) |
| All Sizes | 180 | 1390 | 1390 | 1390 | 1390 | 1390 | 1390 | 1390 | 1390 | 1390 | 1390 | N.A | N.A | .... | No Change |

### Ivory Card Indonesia

| Size | Gram | JANUARY-2020 | | | | | | FEBRUARY-2020 | | | | MARCH-2020 | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | Dec.27 | 3 | 10 | 17 | 24 | 31 | 7 | 14 | 21 | 28 | 6 | 13 | 20 | |
| All Sizes | 120 | 212 | 212 | 212 | 212 | 212 | 212 | 212 | 217 | 217 | 217 | 217 | 217 | .... | (+ 5) |
| All Sizes | 150 | 212 | 212 | 212 | 212 | 212 | 212 | 212 | 217 | 217 | 217 | 217 | 217 | .... | (+ 5) |
| All Sizes | 180 | 212 | 212 | 212 | 212 | 212 | 212 | 212 | 217 | 217 | 217 | 217 | 217 | .... | (+ 5) |
| All Sizes | 210 | 212 | 212 | 212 | 212 | 212 | 212 | 212 | 217 | 217 | 217 | 217 | 217 | .... | (+ 5) |
| All Sizes | 230 | 212 | 212 | 212 | 212 | 212 | 212 | 212 | 217 | 217 | 217 | 217 | 217 | .... | (+ 5) |
| All Sizes | 235 | 212 | 212 | 212 | 212 | 212 | 212 | 212 | 216 | 216 | 216 | 216 | 216 | .... | (+ 4) |
| All Sizes | 265 | 212 | 212 | 212 | 212 | 212 | 212 | 212 | 216 | 216 | 216 | 216 | 216 | .... | (+ 4) |
| All Sizes | 270 | 212 | 212 | 212 | 212 | 212 | 212 | 212 | 216 | 216 | 216 | 216 | 216 | .... | (+ 4) |
| All Sizes | 285 | 212 | 212 | 212 | 212 | 212 | 212 | 212 | 216 | 216 | 216 | 216 | 216 | .... | (+ 4) |
| All Sizes | 300 | 212 | 212 | 212 | 212 | 212 | 212 | 212 | 216 | 216 | 216 | 216 | 216 | .... | (+ 4) |
| All Sizes | 335 | 212 | 212 | 212 | 212 | 212 | 212 | 212 | 216 | 216 | 216 | 216 | 216 | .... | (+ 4) |



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

APP

USE OUR PAPER, WE PLANT MORE TREES.

Our Quest Superiority has Made us
Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE
LINE OF PROFESSSIONALISM

# IK Signature




**Premium Performance Paper.**

Engineered from the best pulp selection with high thickness & stiffness, whiteness, high smoothness, and brightness, IK Signature is a developed masterpiece for all your printing purposes.
With new TRUTONE Technology, IK Signature is the ultimate choice for its high performance and print quality, to make the best of your professional portfolios.

HIGH THICKNESS & STIFFNESS
premium feel for important documents

HIGH SMOOTHNESS
for truly jam-free performance

A4

21x29.7 cm
500 SHEETS

80
GSM

TRUTONE
TECHNOLOGY

پاکستان میں دستیاب
تمام برانڈز میں نمبر 1

IBM™

ISO 9001: 2015 Certified Quality Management System

## International Business Management

First ISO 9001:2015 Certified Paper Indenting Company in Pakistan
First Floor,Darul Hina Building Tayabjee Road ,
Near Burhani Hospital, Karachi -74000,UAN: 111-IBM-PAK
Ph # 92-21-32627061-63,Fax # 92-21-32629786
E-mail: saleemibn@cyber.net.pk | website : www.ibmpakistan.com

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010

Brands of the year Award 2010

Brands of the year Award 2011 - 2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

APP




IBM



# AQNA
Brands

## Products of PINDO DELI



## ہم سا ہو تو سامنے آئے

# SELF ADHESIVE STICKER PAPER

## 100% Cast Coated, Mirror Coat

## Acrylic Glue with water Base

## Quality Similar to Lintec

FOR BOOKING PLEASE CONTACT

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM ISO 9001:2015 CERTIFIED

International Business Management

HEAD OFFICE: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road, Karachi-74000.
UAN : 111-IBM-PAK
Tel : +92-21-32627061-63
Fax : +92-21-32629786
Email : saleemitc@cyber.net.pk
saleemibm@cyber.net.pk
Web : ibmpakistan.com

Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.

# انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی تاریخ میں مزید توسیع نہیں ہوگی، ایف بی آر

اسلام آباد(نیوز ڈیسک)فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے تمام ٹیکس گزاروں سے کہاہے کہ وہ اپنے سالانہ انکم ٹیکس گوشوارے حتمی تاریخ 8دسمبر 2020 تک جمع کرالیں کیونکہ اس تاریخ میں مزید توسیع نہیں ہوگی۔ایف بی آر نے مزید وضاحت کرتے ہوئے کہاہے کہ انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 114 کے تحت وہ تمام افراد جو 500 مربع گز سے زیادہ کا گھر یا 1000 سی سی یا اس سے زیادہ کی گاڑی رکھتے ہیں وہ ٹیکس گوشوارے جمع کرنے کے ذمہ دار ہیں۔ایسے افراد جن کا سالانہ کمرشل بجلی کا بل 5لاکھ روپے سے زائد ہو یا وہ افراد جن کی کاروباری آمدنی ٹیکس سال میں تین لاکھ روپے سے تجاوز کر جائے وہ بھی اپنے سالانہ انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کے پابند ہیں۔ چھ لاکھ روپے سے زائد آمدنی والے تنخواہ دار افراد کے لئے لازم ہے کہ وہ اپنے سالانہ ٹیکس گوشوارے جمع کرائیں۔ ایف بی آر نے خبردار کیا ہے کہ سالانہ ٹیکس گوشوارے بروقت جمع نہ کرانے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

## حکومت نے کورونا سے بچاؤ کیلئے اشیاء کی درآمد پر ڈیوٹی و ٹیکس ختم کردیا

اسلام آباد(نیوز ڈیسک) وفاقی کابینہ نے کورونا وائرس سے بچاؤ اور روک تھام کے لئے اشیاء کی درآمد پر ڈیوٹی اور ٹیکس معافی کی منظوری دے دی۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس ہوا جس میں 14 نکاتی ایجنڈا پر غور کیا گیا۔کابینہ نے کورونا وائرس سے بچاؤ اور روک تھام کے لئے اشیاء کی امپورٹ پر ڈیوٹی اور ٹیکس معافی کی منظوری دے دی، وفاقی کابینہ نے پاکستان میڈیکل اتھارٹی کے قیام، آن لائن ویزا سہولت کو مزید 16 ممالک تک بڑھانے اور وائلڈ لائف مینجمنٹ بورڈ کے چیئرمین کی تقرری اور نیشنل میڈیکل ڈینٹل بورڈ کے چیئرمین کی تعیناتی کی بھی منظوری دے دی۔کابینہ نے پریس کونسل پاکستان کے ممبران کے نوٹیفکیشن کا اجرا، پاکستان ٹیلی ویژن کارپوریشن کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی تشکیل نو، کابینہ کمیٹی برائے قانون سازی کے 21اکتوبر اور 5نومبر کے فیصلوں اور کابینہ ادارہ جاتی اصلاحات سے متعلق کمیٹی کے 29اکتوبر کے فیصلوں کی توثیق موخر کردی۔

## لاک ڈاؤن کے بجائے متبادل طریقہ اپنایا جائے، انجمن تاجران

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) آل پاکستان انجمن تاجران کے صدر اجمل بلوچ نے کہا کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ کورونا کے پھیلاؤ سے صورتحال خراب ہے لیکن حکومت کو چاہیے کہ وہ لاک ڈاؤن کے بجائے متبادل طریقہ اپنائے ،تاجر نمائندوں کو اعتماد میں لے کر ایس او پیز پر عملدرآمد کروایا جائے۔17 نومبر کو سیکریٹری خالد چوہدری، یوسف راجپوت، راجہ عماد بن عارف، سید الطاف حسین شاہ اور عبدالرحمن صدیقی کے ہمراہ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ریسٹورنٹ اور شادی ہالز بند کرنے سے معاشرتی مسائل پیدا ہوں گے اور بے روزگاری میں اضافہ ہوگا ،کورونا کی وجہ سے معیشت برباد ہوچکی ہے جبکہ مہنگائی میں اضافہ ہوگیا ہے، یہی حالات رہے تو عوام دو وقت کی روٹی کو ترس جائیں گے۔انہوں نے مزید کہا کہ مقامی انتظامیہ بھاری جرمانوں سے اجتناب کرے اور دکانداروں کو صرف وارننگ دیں، جرمانوں سے نہ تو مہنگائی ختم ہوگی اور نہ ہی کورونا پر کنٹرول ہوگا۔

## فیڈریشن کی عبوری فہرست میں تصحیح

## محمد انیس ایگزیکٹو کمیٹی اور جنرل باڈی کے لیے نامزد، خامس سعید جنرل باڈی کے ممبر ہوگئے

کراچی (پیپر بزنس نیوز) فیڈریشن کے سیکریٹری جنرل اقبال تابش نے آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے سیکریٹری جنرل کے خط کے جواب میں فیڈریشن انتخابات 2021 کیلئے جاری کی گئی عبوری انتخابی فہرست میں تصحیح کردی ہے جس کے مطابق خامس سعید بٹ جنرل باڈی کے لیے نامزد نمائندے ہیں اور محمد انیس کو ایگزیکٹو کمیٹی اور جنرل باڈی کیلئے نامزد کیا گیا ہے۔


پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور سیمپل کاپی کیلئے ابھی رابطہ کریں۔

021-32632362

0308-2933229


## ایڈوانس کسٹمز رولنگ کیلئے 4 رکنی کمیٹی قائم، ثریا احمد چیئر پرسن

اسلام آباد، کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ایف بی آر نے عالمی ادارہ تجارت کی ہدایت پر ملکی وغیر ملکی سرمایہ کاروں کی سہولت کیلئے کسٹمز ایڈوانس رولنگ جاری کرنے کے متعلق 4 رکنی کمیٹی قائم کردی ہے۔ ایف بی آر کے نوٹیفکیشن کے مطابق چیف کلکٹر کسٹمز اپریزمنٹ ساؤتھ کراچی ثریا احمد بٹ کمیٹی کی چیئر پرسن مقرر کی گئی ہیں۔ کمیٹی کے اراکین میں کلکٹر کسٹمز اپریزمنٹ پورٹ قاسم اشہد جواد اور ڈائریکٹر کسٹمز ویلیوایشن کراچی شفیق احمد شامل ہیں جبکہ ایڈیشنل کلکٹر کسٹمز ایسٹ کراچی یاسین مرتضیٰ کمیٹی کے سیکریٹری ہوں گے۔


FAIR TRADE (Pvt) Limited

A Trusted & Reliable Name For Genuine Trading in Paper & Board

Serving Since 1975

**Distributors**
Flying Paper
Bullehshah (Packages)
Crown (Fazal Paper)

**Importers**
Offset Paper
Bleached Board
Duplex Board

4, Mohammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi. Phones: 021-3262 5600 - 3262 5633

Whatsapp: 0334-0209809 | Fax: (92-21) 32621614 | Email: fairtrade1961@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# کاروباری مواقع
# TENDERS

## اٹامک انرجی کا پیپر واسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:01/2020
پیپر ریم، تعداد:200۔ دیگر اسٹیشنری آئٹمز
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:26 نومبر 2020
برائے رابطہ: ایڈمنسٹریٹر، اٹامک انرجی کینسر ہاسپٹل (NORIN) ،سکرانڈ روڈ، نواب شاہ۔
فون:0244-9370554-56

## NADRA کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر:100/2020
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:3 دسمبر 2020
برائے رابطہ: پروکیورمنٹ ڈپارٹمنٹ، ریجنل ہیڈ کوارٹر بلڈنگ، گراؤنڈ فلور، ماؤ ایریا، G-10/4، اسلام آباد۔
فون:051-9032868

## ہیلتھ کیئر کمیشن کو پرنٹنگ خدمات درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر:8/2020/MSDS-RM-RDS
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:27 نومبر 2020
برائے رابطہ: پروکیورمنٹ سیل، 185۔ احمد بلاک، نیو گارڈن ٹاؤن، لاہور۔
فون:042-99333161-8

## PPRA کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:30 نومبر 2020
برائے رابطہ: ڈپٹی ڈائریکٹر (HR)، پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی، FBC بلڈنگ، سیکٹر G-5/2، اسلام آباد۔
فون:051-9204462

## قائد اعظم اکیڈمی کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:3 دسمبر 2020
برائے رابطہ: اسٹور آفیسر، وحدت کالونی، لاہور۔
فون:042-99260073

## ڈائریکٹر فنانس اوقاف کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:7 دسمبر 2020
برائے رابطہ: اسٹور کیپر، شعبہ ایڈمن اول، ایوان اوقاف، شاہ چراغ بلڈنگ، نزد ہائی کورٹ، لاہور۔
فون:042-99211921

## فرٹیلیٹی سروے کا پیپر واسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:30 نومبر 2020
برائے رابطہ: ڈائریکٹر، ملتان روڈ ٹھوکر نیاز بیگ، لاہور۔
فون:042-99233581

## کالونیز ڈپارٹمنٹ کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:2 دسمبر 2020
برائے رابطہ: اسسٹنٹ ڈائریکٹر، آڈٹ، بورڈ آف ریونیو، پنجاب، لاہور۔

## سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ کو پرنٹنگ کی خدمات درکار

نصابی کتب کی پرنٹنگ، بائنڈنگ اور فراہمی
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:4 دسمبر 2020
برائے رابطہ: سیکریٹری کیمپ آفس، بالمقابل ڈی جے سائنس کالج، ڈاکٹر ضیاالدین احمد روڈ، کراچی۔
فون:021-32623545-022-9213417-8

# ایف بی آر اور نادرا کے درمیان معاہدہ طے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ٹیکس وصولی کے نظام کو خود کار بنانے اور کے لیے فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) اور نادہندگان کے گرد مزید گھیرا تنگ کرنے کے لیے نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) کے درمیان اہم معاہدہ طے ہوگیا۔ ذرائع کی رپورٹ کے مطابق وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے ریونیو کی رہنمائی میں قومی شناختی کارڈ اور متعلقہ تفصیلات کی براہ راست تصدیق کے لئے نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) کے ساتھ مفاہمت کی ایک اہم یادداشت پر دستخط کئے ہیں۔ معاہدے کے تحت نادرا اور ایف بی آر کے سسٹم کو آپس میں جڑ جائیں گے، جس سے ایف بی آر کی جانب سے ٹیکس دہندگان کو معیاری خدمات کی فراہمی بہتر ہوگی۔ رپورٹ کے مطابق اس معاہدے سے ٹیکس ریفنڈز کا ڈیٹا خودکار طریقے سے ود ہولڈنگ اسٹیٹمنٹس اور ٹیکس گوشواروں میں شامل کرنے میں مدد ملے گی جبکہ قواعد کی پاسداری پر لگنے والے وقت کی بچت ہوگی اور کاروبار کی آسانی کو بھی فروغ ملے گا۔ علاوہ ازیں ڈیٹا کو آپس میں جوڑنے سے مستقبل میں ایف بی آر کے سسٹم کو دیگر اداروں کے ساتھ جوڑنے کی راہ بھی ہموار ہوگی۔ اس سہولت کی بدولت ایسے افراد کی نشاندہی کے بے پناہ مواقع پیدا ہوجائیں گے جو ٹیکس دائرے سے باہر ہیں یا اپنی آمدنی اور اثاثے چھپا رہے ہیں۔

## ای کامرس کے لیے کلیئرنس سسٹم قائم

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) پاکستان کسٹمز نے کاروبار سے صارفین کی برآمدات کو فروغ دینے کے لیے اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی)، وزارت تجارت اور ای کامرس آپریٹرز کے اشتراک سے ای کامرس خودکار کلیئرنس سہولت تیار کرلی۔ ذرائع کی رپورٹ کے مطابق سرکاری اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ نیا نظام دستاویزات کی سہولت فراہم کرے گا۔ اس کے تحت کمرشل بینکس کو ویب بیسڈ ون کسٹم (ڈبلیو بی او سی) میں ای کامرس کے تاجروں کو رجسٹرڈ کرنے کی اجازت ہوگی۔ بی 2 سی ای کامرس برآمدات کے لیے اسٹیٹ بینک ریگولیٹری فریم ورک کے تحت برآمد کنندگان 5 ہزار ڈالر تک کی اپنی ای کامرس کی اشیا ای فارم کی ضرورت کے بغیر بھیج سکیں گے۔ شپمنٹ پاکستان کسٹم کے ساتھ رجسٹرڈ کوریئر کمپنیوں کے ذریعہ کی جائے گی جبکہ برآمد کنندگان ڈبلیو بی او سی سسٹم میں سامان ڈیکلیئریشن داخل کریں گے۔ ہر ایک سامان کی شناخت ایچ اے ڈبلیو بی کے منفرد نمبر کی بنیاد پر کی جائے گی۔ پاکستان سے سامان کی برآمد کے بعد برآمدات کی تفصیلات سسٹم میں برآمد کنندگان کے ای کامرس پروفائل کے ذریعے بینکوں کی رسائی میں ہوں گے۔ برآمد کنندگان کو شپمنٹ کی تاریخ سے 60 دن کے اندر برآمدات سے آمدنی کی وصولی کو یقینی بنانا ہوگا۔ برآمدی آمدنی بیرون ملک سے کمرشل بینکوں، بینکاری چینلز یا بین الاقوامی ادائیگی اسکیم/گیٹ وے کے ذریعے، غیر ملکی کرنسی میں یا پاکستانی کرنسی میں غیر مقیم روپیہ اکاؤنٹ میں وصول کی جائے گی۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور تجارتی بینکوں کو برآمدی ادائیگی کے تصفیہ اور دیگر ضوابط کی تقاضوں کی تکمیل کے لیے سسٹم میں متعدد ایم آئی ایس رپورٹس بھی فراہم کی گئی ہیں۔ ای کامرس آپریٹرز نے اس اقدام کو سراہا ہے جس سے ایس ایم ای سیکٹر کے اشیا کی برآمد میں درپیش مشکلات دور ہوں گی اور اس طرح بزنس انڈیکس میں ملک کی درجہ بندی میں بہتری آئے گی۔

## روپے کے مقابلے میں ڈالر کی قدر مزید بڑھ گئی

کراچی (بزنس ڈیسک) انٹربینک مارکیٹ میں روپے کے مقابلے میں ڈالر کی قدر میں مزید اضافہ ہوا ہے۔ انٹربینک مارکیٹ میں دوسرے روز منگل 17 نومبر کو بھی روپے کے مقابلے میں ڈالر کی قدر مزید بڑھ گئی جبکہ اوپن مارکیٹ میں کمی واقع ہوئی۔ انٹربینک مارکیٹ میں ڈالر کی قدر مزید 14 پیسے کے اضافے سے 158 روپے 30 پیسے کی سطح پر بند ہوئی۔ اسی طرح اوپن کرنسی مارکیٹ میں انٹربینک مارکیٹ کے برعکس ڈالر کی قدر 5 پیسے کی کمی سے 158 روپے 25 پیسے کی سطح پر بند ہوئی۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# اسٹیکر پیپر کی قیمتوں میں کمی، آفسیٹ پیپر آئی کے میں اضافہ، ریٹیل مارکیٹ میں نیوز پرنٹ کی قیمتوں میں بھی اضافہ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیاں جاری ہیں اور 18 نومبر کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں اسٹیکر پیپر کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ جبکہ انڈونیشین آفسیٹ پیپر آئی کے کی قیمتوں میں اضافہ دیکھنے میں آیا۔ ریٹیل مارکیٹ میں نیوز پرنٹ پیپر کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو ردوبدل ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ رہی ہے کہ امپورٹڈ آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 190 روپے سے بڑھ کر 194 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر، پی پی سی براؤن 80 گرام، 580 روپے سے کم ہوکر 570 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پی پی سی گرے 70 گرام، 420 روپے سے کم ہوکر 410 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ BLC، A4، سائز 70 گرام، 475 روپے سے کم ہو کر 470 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ BLC، A4 سائز 80 گرام، 580 روپے سے کم ہوکر 575 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام، 485 روپے سے کم ہوکر 470 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 80 گرام، 600 روپے سے کم ہوکر 580 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے A3 ـ 70 گرام، 1040 روپے سے کم ہوکر 1020 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈ ٹیک چائنا 20x30، سائز، 2250 روپے سے کم ہوکر 2150 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر یونگی چائنا، 20x30 سائز، 2250 روپے سے کم ہوکر 2150 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر پولکا انڈونیشیا، 20x30 سائز، 2350 روپے سے کم ہوکر 2300 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر AQNA انڈونیشیا 20x30، سائز، 2380 روپے سے کم ہوکر 2350 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لنٹیک انڈونیشیا 20x30 سائز، 4550 روپے سے کم ہوکر 4500 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر YMC چائنا، 20x30 سائز، 2150 روپے سے کم ہوکر 2090 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر نیکسز پرو چائنا 20x30 سائز، 2125 روپے سے کم ہوکر 2090 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک جی ایس ایف 20x30 سائز، 2125 روپے سے کم ہوکر 2090 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30 سائز، 2125 روپے سے کم ہوکر 2090 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

## کرونا سے متاثرہ ٹیکس دہندگان کے خلاف ایف بی آر کے نوٹسز پر تشویش

کراچی (نیوز ڈیسک) کراچی ٹیکس بار کے صدر نے ایف بی آر حکام کو خط لکھ کر آگاہ کیا ہے کہ متعدد ٹیکس دہندگان کرونا سے متاثر ہوئے جس کی وجہ سے وہ آئسولیشن میں لہذا یکطرفہ کارروائیوں کا سلسلہ فوری طور پر بند کیا جائے۔ ذرائع کے مطابق فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی جانب سے کرونا میں مبتلا ٹیکس دہندگان کے خلاف یکطرفہ کارروائی کے خلاف کراچی ٹیکس بار کے صدر ذیشان مرچنٹ نے ایف بی آر ممبران ان لینڈ ریونیو کو خط ارسال کیا۔ اپنے خط میں کراچی ٹیکس بار کے صدر کا کہنا تھا کہ 'متعدد ٹیکس دہندگان کرونا مثبت آنے کی وجہ سے قرنطینہ میں ہیں، اس حوالے سے انہوں نے ایف بی آر افسران کو بھی آگاہ کیا ہے'۔ کراچی ٹیکس بار کے صدر نے کہا کہ ٹیکس دہندگان نے کیسز میں حاضری سے مستثنیٰ قرار دینے کی اپیل بھی کی، اُس کے باوجود ایف بی آر نے کرونا سے متاثر ہونے والے ٹیکس دہندگان کو کوئی ریلیف نہیں دیا بلکہ نوٹس جاری کردیے۔ صدر کراچی ٹیکس بار کا کہنا تھا کہ 'ایف بی آر نے اپیل مسترد کرکے یکطرفہ کارروائی شروع کردی، ایسے تمام کیسز جس میں یکطرفہ فیصلے کیے گئے ان کو فوری طور پر واپس لیا جائے، جو ٹیکس دہنگان کرونا میں مبتلا ہیں ان کے کیسز کی سماعت کی تاریخ کو آگے بڑھانے کی ہدایت کی جائے۔

## پنجاب بھر کے تاجروں نے ممکنہ سمارٹ لاک ڈاؤن مسترد کردیا

لاہور (بزنس ڈیسک) تفصیلات کے مطابق اس سلسلے میں تاجر رہنما کا کہنا ہے کہ مارکیٹیں کی بندش قابل قبول نہیں، موجودہ حالات سمارٹ لاک ڈاؤن کی اجازت نہیں دیتے، لاک ڈاؤن نے کئی گھروں کے چولہے ٹھنڈے کردیئے، کروڑوں افراد بے روزگار ہیں۔ تاجروں کا کہنا ہے کہ حکومت کورونا سے نمٹنے کے لئے تاجروں کے گلے پر چھری نہ چلائے، تاجر برادری ایس او پیز کو فالو کرنے کی بھرپور کوشش کررہی ہے۔ حکومت نے زبردستی لاک ڈاؤن کرانے کی کوشش کی تو مزاحمت کریں گے، مزدور طبقہ بے روزگار رہا تو ذمہ دار حکومت ہوگی، تاجروں کو کھلے ذہن سے کام کرنے کی اجازت دی جائے۔ تاجر رہنما کا کہنا ہے کہ ملک کے کئی شہروں کے تاجر آج مقامی ہوٹل میں پریس کانفرنس کریں گے، تاجر رہنما پریس کانفرنس میں آئندہ لائحہ عمل کا اعلان کریں گے۔ واضح رہے کہ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر نے پاکستان میں کورونا وائرس سے بچاؤ کیلئے ماسک پہننا لازمی قرار دے دیا ہے۔ شہری گھروں سے باہر نکلتے وقت ماسک لازمی پہنیں۔ حکومتی اور نجی سیکٹرز کے دفاتر میں کام کرنے والوں کے لیے ماسک پہننا لازم ہوگا۔ صوبائی حکومتوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ بازاروں، شاپنگ مالز، پبلک ٹرانسپورٹ، ریسٹورنٹس میں ایس او پیز اور ماسک کو لازم قرار دیں۔

## 2020 کی پہلی ششماہی میں بینکاری شعبے کی کارکردگی پر اسٹیٹ بینک کا اظہار اطمینان

کراچی (بزنس ڈیسک) اسٹیٹ بینک آف پاکستان کا کہنا ہے کہ 2020 کی پہلی ششماہی میں بینکاری شعبے کی کارکردگی اطمینان بخش رہی۔ تفصیلات کے مطابق اسٹیٹ بینک کی جانب سے بینکاری شعبے سال 2020 کی پہلی ششماہی کی کارکردگی کا جائزہ جاری کردیا گیا، جنوری تا جون 2020 تک شعبہ بینکاری کی کارکردگی کا جامع احاطہ کیا گیا جس کے مطابق وبا کے باوجود شعبہ بینکاری کے اثاثوں میں پہلی ششماہی میں 7.8 فیصد نمو رہی۔ مرکزی بینک کی رپورٹ کے مطابق سرمایہ کاروں میں تیزی سے اضافے کی فنڈنگ ڈپازٹس میں اضافے سے کی گئی، کاروباری سرگرمیوں میں تعطل، اقتصادی مشکلات سے قرضوں میں متعدل کمی ہوئی۔ اسٹیٹ بینک کا کہنا ہے کہ پالیسی اقدامات سے سرمائے کے تحفظ، قرض دینے کی صلاحیت بڑھانے میں سہولت ملی، نقصان جذب کرنے کی صلاحیت میں اضافے سے سہولت ملی۔ مرکزی بینک کا کہنا ہے کہ غیر فعال قرضوں کا حجم دسمبر 2019 کے اختتام پر 8.6 فیصد رہا، غیر فعال قرضوں کا حجم جون 2020 میں بڑھ کر 9.7 تک پہنچ گیا، خالص غیر فعال قرض تا قرضہ تناسب 1.7 فیصد سے بڑھ کر 1.9 فیصد ہوگیا۔ دوسری جانب گورنر اسٹیٹ بنینک رضا باقر کا کہنا تھا کہ ملکی معاشی استحکام کے لیے مختلف اقدامات کیے گئے، شرح سود کو 13.25 سے کم کرکے 7 فیصد کیا گیا۔ رضا باقر کا کہنا تھا کہ ادائیگیوں کے عمل کو ڈیجیٹلائز کرنے کے لیے حکمت عملی اپنائی ہے، کمپنیاں اپنے معاملات آن لائن پورٹل کے ذریعے چیک کرسکتی ہیں۔


ہم اپنے کرم فرماؤں بالخصوص مشتہرین سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ اپنی ادائیگیاں بذریعہ کراس چیک بنام ''پیپر بزنس'' کرنے کی کوشش کریں۔ نقد ادائیگی کی صورت میں وصولی ''رسید'' لازمی حاصل کریں۔ رسید نہ ملنے کی صورت میں دفتر پیپر بزنس فون نمبر 32632362 پر مطلع کریں۔ (ادارہ)





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# بینکوں سے معاف کرائے گئے قرضوں کا ریکارڈ رکھنے کی مدت 10 سال مقرر

کراچی (بزنس ڈیسک) بینکوں سے معاف کرائے گئے قرضوں کا ریکارڈ رکھنے کی مدت 15 سال سے کم کر کے 10 کر دی گئی ہے۔کارپوریٹ اداروں کے بینکوں سے معاف کرائے گئے قرضوں کا ریکارڈ اسٹیٹ بینک کے الیکٹرانک کریڈٹ انفارمیشن بیورو (ای سی آئی بی) میں رکھنے کی مدت 15 سال سے کم کر کے 10 کر دی گئی ہے۔ای سی آئی بی میں بینکوں کے قرض گیروں کے گذشتہ لین دین کی معلومات کا ریکارڈ رکھا جاتا ہے، اور بینک اور مالی ادارے ان معلومات کو قرض گیروں کی ساکھ کا جائزہ لینے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ایک عام تاثر یہ رہا ہے کہ منفی ریکارڈر معاف کیے گئے قرضے کو طویل عرصے تک زیر غور رکھنا قرض گیروں کو اپنے نئے آغاز سے محروم کرتا ہے اور اس طرح وہ (قرضہ قلم زدر معاف کیے جانے کے بعد) قرضے تک رسائی سے طویل عرصے کے لیے دور ہو جاتے ہیں خواہ قرض گیر کی موجودہ مالی کارکردگی کچھ بھی ہو اور اس کی دیگر معلومات سازگار ہوں۔

# موبائل فونز کی درآمدات میں تین ماہ کے دوران 135 فیصد اضافہ

